© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

### اسلام میں جرم وسزا ڈاکٹر عبدالعزیز عامر

صفحات ۳۵۱۔ قیمت ۳۰ روپئے۔ ادارۂ معارف اسلامی۔ کراچی۔ البدر پبلیکیشنز ۲۳۔ راحت مارکیٹ۔ اردو بازار لاہور۲

ادارۂ معارف اسلامی مبارکباد کے قابل ہے کہ اس نے ایک اہم موضوع پر ایک قابل قدر علمی کتاب پیش کی ہے۔ یہ کتاب 'التعزیر فی الشریعۃ الاسلامیہ' حصہ دوم کا ترجمہ ہے۔ پہلا حصہ ہماری نظر سے نہیں گزرا۔ ترجمہ سید معروف شاہ شیرازی نے کیا ہے، جو صاف ستھرا اور رواں ہے۔

اسلام کے نظام سیاست میں حدود اور تعزیرات کو بھی ایک خاص مقام حاصل ہے۔ لیکن ان کے بارے میں بڑی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں اور ان پر طرح طرح کے اعتراضات کیے جاتے ہیں۔ ان کی صحیح نوعیت کو واضح کرنا اور ان پر جو اعتراضات کیے جاتے ہیں انھیں رفع کرنا ایک اہم علمی کام ہے۔ اس کتاب میں حدود سے بحث نہیں کی گئی ہے صرف تعزیرات سے بحث کی گئی ہے۔ خاص اس موضوع پر جدید ذہن کے پیش نظر بہت کم کتابیں لکھی گئی ہیں۔ کتاب کی اہمیت یہ ہے کہ وہ اس کمی کو بڑی حد تک پوری کرتی ہے۔ اسلام نے جو تعزیرات رکھی ہیں کتاب میں ان کی نوعیت، حکمت اور معنویت اور حالات کی تبدیلی سے ان پر پڑنے والے اثرات پر قرآن وحدیث اور فقہ کی روشنی میں مدلل بحث کی گئی ہے۔ کوئی بھی بات بغیر حوالہ کے نہیں کہی گئی ہے۔ فقہی مسالک میں کسی ایک فقہ کی پابندی کی جگہ تمام معروف فقہی مسالک سے استفادہ کیا گیا ہے۔ مباحث میں کہیں کہیں تکرار کا بھی احساس ہوتا ہے لیکن اس کے باوجود کتاب بڑی وقیع اور علمی ہے۔ جو لوگ اس موضوع کو علمی انداز میں سمجھنا چاہیں انھیں اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔

جلال الدین عمری



© rasailojaraid.com